بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

# محدث

دہلی

نگران اصول
مولانا عبید اللہ صاحب رحمانی
شیخ الحدیث

مدیر مسئول
نذیر احمد املوی
رحمانی

جلد ۸ | ماہ جون سنہ ۱۹۴۰ء مطابق ربیع الثانی سنہ ۱۳۵۹ھ | نمبر ۲

## مبارک باد

مورخہ ۹ ربیع الاول سنہ ۱۳۵۹ھ مطابق ۱۸ اپریل سنہ ۱۹۴۰ء کو محترم بزرگ جناب حاجی شیخ عطاء الرحمٰن صاحب مرحوم و مغفور کی چھوٹی صاحبزادی کا عقد شرعی، شہر کے ممتاز و نامور رئیس جناب شیخ محمد الیاس صاحب رائی کھیت والے کے صاحبزادے کے ساتھ نہایت شاندار طریقہ پر انجام پذیر ہوا۔

اس تقریب کے تمام مراسم عالیجناب شیخ حاجی عبد الوہاب صاحب مہتمم مدرسہ دار الحدیث رحمانیہ دہلی کی عالیشان کوٹھی پر ادا ہوئے۔ کوٹھی مختلف آرائش و زیبائش کے سامانوں سے خوب سجائی گئی تھی۔ بارات کے دن جناب مہتمم صاحب مع اپنے دونوں بھائیوں جناب حافظ فضل الرحمٰن صاحب و خانصاحب جناب شیخ حبیب الرحمٰن صاحب آنریری مجسٹریٹ و میونسپل کمشنر کے تمام انتظامات میں خود مصروف تھے۔ اس تقریب میں مقامی اخبارات کے ایڈیٹروں حکام اور آفیسروں نامور امیروں اور رئیسوں کو بہت بڑی تعداد میں شرکت کی دعوت دی گئی تھی مسلمان ہندو انگریز ہر طبقے کے قابل ذکر اصحاب مدعو تھے اور سب کے مذاق کے مطابق الگ الگ کھانوں کا انتظام تھا تقریباً پانچ ہزار آدمیوں نے دعوت میں شرکت کی۔

ہم مدرسہ کے تمام متعلقین کی طرف سے دلی مسرت و شادمانی کے ساتھ صاحبزادی موصوفہ اور انکے جملہ اعزہ و اقربا خصوصاً انکی والدہ محترمہ اور بھائیوں کی خدمت میں ہدیۂ مبارکباد پیش کرتے ہیں، اور دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ طرفین کیلئے باعث برکت ثابت کرے۔ اور ان کے دامن مراد کو ہر قسم کی کامرانیوں سے ہمیشہ مالا مال رکھے۔ آمین الٰہ الحق آمین۔

(ایڈیٹر)